| | | |
|---|---|---|
| مئی 2019 | B.Ed Regular (بی۔ایڈ (ریگولر | IV Semester چوتھا سمسٹر |

پرچہ : تعلیمِ امن

Paper - BBED403CCT : Peace Education

| | |
|---|---|
| جملہ نشانات : **35** Maximum. Marks | Time : وقت : **2** Hrs گھنٹے |

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 05 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 01 نمبر مختص ہے۔ **(5 x 1 = 5 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 04 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 4 = 20 Marks)**
3. حصہ سوم میں 02 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 01 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(1 x 10 = 10 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال : 1**

(i) UNICEF کس کا مخفف ہے؟

(ii) Discipline لفظ کس زبان سے اخذ کیا گیا ہے؟

(A) لاطینی زبان (B) یونانی (C) ہندی (D) فارسی

(iii) ایک ثالث کو تنازعات دور کرنے کے لیے درج ذیل میں سے کون سا طریقہ اپنانا چاہیے؟

(A) خود بیداری پیدا کرنی چاہیے (B) تعلیم فراہم کرنی چاہیے

(C) دونوں فریقین کی سماعت کرنی چاہیے (D) غصہ کرنا چاہیے

(iv) درج ذیل میں سے کون سی تعصب (Prejudice) کی شکل نہیں ہے؟

(A) عدم تشدد (B) نسل پرستی (C) جسمانی معذوریت (D) جنسیت

(v) امن قائم کرنے میں حائل رکاوٹ نہیں ہے؟

(A) دہشت گردی (B) آپسی تنازعات (C) کشیدگی (D) ثالثی نظریہ

## حصہ دوم

2. موجودہ دور کے اعتبار سے امن کی تعلیم کے لازمی پانچ مقاصد پر بحث کریں؟

P.T.O.

3. کشیدگی اور آپسی تنازعات کے اسباب کو بیان کرتے ہوے ان کے نظم کو واضح کریں؟

4. ہندوستانی آئین میں موجود امن قائم کرنے کی مختلف اقدار کو بیان کریں؟

5. طلباء میں اسکولی سطح پر کشیدگی، امتحان کا خوف، دباؤ وغیرہ کو امن کی تعلیم سے کس طرح دور کیا جاسکتا ہے؟

6. مہاتما گاندھی اور کنگ مارٹن لوتھر کے امن کے فلسفہ پر ایک مختصر نوٹ لکھیں؟

7. امن قائم کرنے کے لیے ایک ثالث کی اہم خصوصیات پر بحث کریں؟

8. امن کی تعلیم فراہم کرنے کے کسی دو تدریسی طریقوں کا موازنہ کریں۔

9. امن کو قائم کرنے میں معلم اور اسکول کے رول واضح کیجیے۔

## حصہ سوم

10. کشیدگی، جرم، تشدد، تصادم، آپسی تنازعات اور دہشت گردی کو امن کی تعلیم فراہم کر کس طرح قابو کیا جاسکتا ہے؟

11. قومی و بین الاقوامی سطح پر امن قائم کرنے کے مختلف اداروں کے بارے میں مختصراً بیان کریں؟

☆☆☆